DAR-UL-MADINAH
INTERNATIONAL ISLAMIC SCHOOL SYSTEM

سہ ماہی ای نیوز لیٹر

جولائی تا ستمبر ۲۰۲۶ء



JOIN OUR
WHATSAPP
CHANNEL
for school events & activities

اس نیوز لیٹر کا پرنٹ ہرگز نہ نکالیے، کیونکہ اس میں جاندار کی تصاویر ہیں اور جاندار کی تصویر کا پرنٹ نکالنا شرعاً جائز نہیں۔

نُورِ ہدایت

سُورَۃُ النَّجم

وَ اَنَّهٗ هُوَ اَغْنٰى وَ اَقْنٰى

ترجمۂ کنزالایمان: اور یہ کہ اسی نے غنٰی دی اور قناعت دی۔

پارہ 27 ، آیت:48




حدیث مبارک

حضرتِ سیدنا سعد بن ابی وقاص رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ

اللہ پاک کے آخری نبی صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا:

اللہ عَزَّوَجَلَّ پرہیز گار، قناعت پسند اور گمنام بندے کو پسند فرماتا ہے۔

﴿مسلم حدیث:2965﴾



پیغام سی ای او دارالمدینہ

علم، تربیت اور روشن مستقبل کی جانب ایک نیا سفر



الحمدللہ! دارالمدینہ انٹرنیشنل اسلامک اسکول سسٹم کے لیے تعلیمی سال **2025–26** کامیابیوں، اعزازات اور قابلِ فخر تعلیمی پیش رفت کا سال رہا۔ **SSC Part-II** کے نتائج میں ہمارے مختلف کیمپسز کے طلبہ نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ پنجاب کے مختلف کیمپسز سمیت کراچی، حیدرآباد اور لاڑکانہ کے متعدد کیمپسز نے **100%** نتائج حاصل کیے، جبکہ ہمارے طلبہ نے نمایاں پوزیشنز کے ساتھ **A** اور **+A** گریڈز حاصل کرکے ادارے، اپنے والدین اور اساتذہ کا نام روشن کیا۔ بالخصوص دارالمدینہ انٹرنیشنل اسلامک اسکول سسٹم کی ہونہار طالبہ بنت افتخار خان نے **SSC Part-II, Session 2025–26** کے امتحانات میں گرلز سائنس گروپس میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے **1200** میں سے **1188** نمبرز حاصل کیے اور بورڈ سطح پر تیسری پوزیشن حاصل کی۔

یہ کامیابیاں ہمارے طلبہ کی محنت، اساتذہ کی کاوشوں اور والدین کے مسلسل تعاون کا نتیجہ ہیں۔ میں تمام کامیاب طلبہ، ان کے والدین اور اساتذہ کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتا ہوں اور ان کی کاوشوں کو خراجِ تحسین پیش کرتا ہوں۔

طلبہ کی حوصلہ افزائی اور ان کی کامیابیوں کو سراہنے کے لیے **9** ستمبر **2026** کو جناح کنونشن سینٹر اسلام آباد میں **Milad Ijtima & Award Distribution Ceremony 2026** کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقع پر دارالمدینہ اسکولز کے نمایاں طلبہ کو تعلیمی کامیابیوں پر اعزازات سے نوازا گیا۔

گزشتہ ماہ میں پنجاب ریجن کے مختلف کیمپسز کا سالانہ وزٹ کیا گیا۔ اس سلسلے میں ملتان، فیصل آباد، راولپنڈی، ساہیوال، وزیر آباد، لاہور، سیالکوٹ، اٹک اور گجرات کے کیمپسز کا وزٹ کیا گیا، جہاں کلاس رومز، تعلیمی و انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ان وزٹ کے دوران اساتذہ، طلبہ، والدین اور متعلقہ ذمہ داران سے ملاقاتیں بھی ہوئیں۔ بالخصوص ملتان میں والدین کے ساتھ خصوصی نشست کا انعقاد کیا گیا، جس میں ان کی آراء، تجاویز اور طلبہ کی تعلیمی و تربیتی ترقی سے متعلق امور پر تبادلۂ خیال کیا گیا۔ اسی طرح فیصل آباد، سیالکوٹ اور گجرات میں مقامی ذمہ داران اور متعلقہ شخصیات سے ملاقاتوں کے دوران کیمپسز کی مزید بہتری، تعلیمی خدمات کے فروغ اور مستقبل میں دارالمدینہ کے تعلیمی دائرۂ کار کو مزید وسعت دینے پر گفتگو ہوئی۔

اکیڈمک ایجوکیشن کے ساتھ ساتھ طلبہ کی دینی، اخلاقی اور روحانی تربیت بھی ہماری ترجیحات کا بنیادی حصہ ہیں۔ شعبۂ دینیات کے تحت **Tarbiyah Curriculum** کے ذریعے طلبہ کو سیرتِ مصطفیٰ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ، سنت رسول صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ اور اسلامی اقدار سے جوڑنے کے لیے مختلف سرگرمیوں کا انعقاد کیا گیا، جن میں اربعین عطار (چالیس احادیث) یاد کرنا ماہ میلاد میں اجتماع میلاد اور ماہِ رضا میں عرس اعلیٰ حضرت کے موقع پر **Raza Week** جیسی سرگرمیاں شامل ہیں۔

ہم دعا گو ہیں کہ اللہ پاک ہمیں اپنے طلبہ کی بہترین تعلیم و تربیت کرنے کی توفیق عطا فرمائے اور انہیں دین و دنیا میں کامیابی عطا فرمائے۔ آمین۔

راہِ تربیت

بچوں کو قناعت سکھائیں



قناعت ایک نہایت اعلیٰ اور خوبصورت صفت ہے جو انسان کی زندگی کو سکون اور خوشیوں سے بھر دیتی ہے، یہ دراصل اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ نعمتوں پر راضی رہنے اور شکر ادا کرنے کا نام ہے۔ موجودہ دور میں جہاں ہر طرف لالچ اور زیادہ مال حاصل کرنے کی دوڑ لگی ہوئی ہے، وہاں قناعت کی اہمیت اور بھی بڑھ جاتی ہے۔ قناعت انسان کو حسد، حرص اور بے سکونی سے بچاتی ہے اور اسے ایک مطمئن اور پُرسکون زندگی گزارنے میں مدد دیتی ہے، اسی لیے اسلام میں قناعت کو بڑی اہمیت دی گئی ہے اور اسے کامیاب زندگی کا ایک اہم اصول قرار دیا گیا ہے۔ ذیل میں دیئے گئے نکات پر عمل کرکے والدین اپنے بچوں میں قناعت کا جذبہ پیدا کرسکتے ہیں۔

والدین کو ذہن نشین رکھنا چاہیے کہ بچوں کو قناعت سکھانا صرف ایک نصیحت نہیں بلکہ ان کی پوری زندگی کی بنیاد ہے۔ اگر بچپن میں ہی دل میں "کم پر راضی رہنے" کی عادت ڈال دی جائے تو یہی بچے بڑے ہو کر مطمئن، شکر گزار اور کامیاب انسان بنتے ہیں۔

قناعت سکھانے کے طریقے

قناعت کے فضائل بتائیں

والدین کو چاہیے کہ بچوں کو قناعت کی اہمیت اور فضائل بتائیں۔ بچوں کو بتائیں کہ اسلام ہمیں قناعت کی تعلیم دیتا ہے، فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلّم ہے: وہ بندہ کامیاب ہو گیا جو مسلمان ہوا اور ضرورت کے مطابق رِزق دیا گیا اور اللہ تعالیٰ نے اسے دیئے ہوئے پر قناعت دی۔ (مسلم، ص408، حدیث:2426)

اسی طرح ایک حدیثِ پاک میں قناعت کی اہمیت کو اُجاگر کرتے ہوئے ارشاد فرمایا: قناعت کبھی ختم نہ ہونے والا خزانہ ہے۔ (الاربعین للبیہقی، ص88، حدیث:104)

قناعت کی اہمیت کے پیشِ نظر ہمارے آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلّم نے رب سے دعا میں قناعت مانگی۔ حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبیِ کریم صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلّم یہ دعا کیا کرتے تھے:

اَللّٰهُمَّ قَنِّعْنِیْ بِمَا رَزَقْتَنِیْ وَبَارِكْ لِیْ فِیْهِ وَاخْلُفْ عَلٰى كُلِّ غَائِبَةٍ لِیْ بِخَیْرٍ،

اے اللہ! جو کچھ تو نے مجھے دیا ہے اس پر مجھے قناعت نصیب فرما اور اس میں میرے لیے برکت پیدا کر، اور میری وہ تمام چیزیں جو میری آنکھوں سے اوجھل ہیں ان کی حفاظت فرما۔ (المستدرک للحاکم، 189/2، حدیث:1921)

ہمارے آخری نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم نے دُعا کی: اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ رِزْقَ اٰلِ مُحَمَّدٍ قُوْتاً یعنی اے اللہ! محمد (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم) کی آل کو صرف ضرورت کے مُطابق رزق عطا فرما۔ (مسلم، ص406، حدیث:2427)

عملی نمونہ بنیے

بچے اپنے والدین کی عادات، طور طریقے اور رہن سہن سے سیکھتے ہیں۔ اگر والدین خود قناعت پسند ہوں، غیر ضروری چیزوں کے پیچھے نہ بھاگیں اور سادگی اختیار کریں تو بچے بھی اسی راہ پر چلیں گے۔

شکر گزاری کی عادت ڈالیے



بچوں کو روزمرہ کی بڑی چھوٹی نعمتوں پر بھی "الحمدللہ" کہنا سکھائیں۔ کھانا، رہائش، تعلیم یہاں تک کہ معمولی سی چیز ملنے پر بھی شکر ادا کرنے کی تربیت دیں۔

خواہشات کو قابو میں رکھنا سکھایئے

ہر خواہش بغیر سوچے سمجھے فوراً پوری نہ کریں۔ بچے جب کسی چیز کے لیے ضد کریں، تو انہیں سمجھائیں کہ ہر چیز فوراً حاصل کرنا ضروری نہیں۔ کچھ چیزیں وقت یا کوشش سے ملتی ہیں۔

بزرگوں کی سادگی کے واقعات سنایئے



قصے، کہانیاں یا سادہ زندگی گزارنے والے عظیم لوگوں کی مثالیں بتائیں اور واقعات سنائیں۔

دوسروں کی حالت دکھائیں

غریب اور ضرورت مند لوگوں کے حالات سے بچوں کو آگاہ کریں تاکہ وہ اپنی نعمتوں کی قدر کریں اور دل میں قناعت پیدا ہو۔

بچوں کو بتائیں کہ


- قناعت میں عزت ہے، قناعت اختیار کرنے والا عزت پاتا ہے اور لالچی انسان ذلیل ورسوا ہوتا ہے۔ (تفسیر روح البیان، 1/161)
- قناعت انسان کو حرص اور لالچ جیسی اخلاقی کمزوریوں سے بچاتی ہے،
- قناعت سے زندگی میں سکون آتا ہے، بے چینی دور ہوتی ہے۔
- جو شخص قناعت اختیار کرتا ہے وہ دوسروں کے سامنے ہاتھ پھیلانے سے بچ جاتا ہے اور عزت و وقار کے ساتھ زندگی گزارتا ہے۔
- قناعت کرنے والا شخص ہی اصل میں مال دار ہے۔ حضرتِ سَیِّدُنا موسیٰ کلیمُ اللہ علیہ السّلام نے اللہ کی بارگاہ میں عرض کی: اے اللہ! تیرے بندوں میں سب سے زیادہ مالدار کون ہے؟
اللہ پاک نے اِرشاد فرمایا: وہ شخص جو میری دی ہوئی چیز پر سب سے زیادہ قناعت کرنے والا ہے۔ (ابن عساکر، 139/61، رقم:7741)
- قناعت کرنے والا شخص کبھی ناشکرا نہیں بنتا، وہ دوسروں سے حسد نہیں کرتا، وہ زندگی میں سکون پاتا ہے، وہ اپنے رب پر بھروسا کرتا ہے، وہ لوگوں سے امیدیں وابستہ نہیں کرتا۔

قناعت نہ ہونے کے نقصانات:

- قناعت نہ ہونا انسان کو لالچی اور بے چین بنا دیتا ہے، وہ ہمیشہ دوسروں سے اپنی زندگی کا موازنہ کرتا رہتا ہے۔
- جو کچھ مال و دولت یا نعمتیں رکھتا ہے اسے کم سمجھتا ہے۔
- ایسے افراد میں حسد اور مقابلہ کی آگ بھڑکتی ہے جو تعلقات کو خراب اور دل کو ناپسندیدہ جذبات سے بھر دیتی ہے۔
- مزید یہ کہ غیر ضروری خواہشات معاشی بوجھ، ذہنی تناؤ، اور خاندانی ناچاقیوں کا سبب بھی بنتی ہیں۔

اللہ پاک ہمیں اور ہمارے بچوں کو قناعت اختیار کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

اٰمِیْن بِجَاہِ النَّبِیِّ الْاَمِیْن صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم


DAR-UL-MADINAH
INTERNATIONAL ISLAMIC SCHOOL SYSTEM
Shaping Future Leaders
-with
Islamic Values
Sindh: 0315-8661388
Punjab: 0313-2626024
APPLY ONLINE
www.darulmadinah.net

دارالمدینہ اپڈیٹس

سالانہ محفل میلاد و انعامات 2026

جناح کنونشن سنٹر، اسلام آباد

دعوت اسلامی (ایجوکیشن کونسل) کے زیرِ اہتمام **9** ستمبر **2026** کو جناح کنونشن سنٹر، اسلام آباد میں سالانہ محفل میلاد و انعامات کی تقریب **2026** کا انعقاد کیا گیا۔

تقریب کا آغاز تلاوتِ قرآن پاک اور نعت رسول صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم سے ہوا، جس کے بعد **مفتی محمد قاسم عطاری** اور نگرانِ شوریٰ **حاجی محمد عمران عطاری** نے سنّتوں بھرا بیان فرمایا۔

اس موقع پر دارالمدینہ انٹرنیشنل اسلامک اسکول سسٹم، دارالمدینہ انٹرنیشنل یونیورسٹی اور کنزالمدارس بورڈ کے نمایاں طلبہ کو سالانہ امتحانات اور **Co-curricular Activities** میں شاندار کارکردگی پر انعامات اور اعزازات سے نوازا گیا۔
































دارالمدینہ انٹرنیشنل اسلامک اسکول سسٹم کے زیرِ اہتمام اسکلز ڈیولپمنٹ پروگرام کا آغاز

دارالمدینہ انٹرنیشنل اسلامک اسکول سسٹم کے زیرِ اہتمام، ڈاکٹر عثمان ممتاز، ڈائریکٹر پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ دارالمدینہ انٹرنیشنل یونیورسٹی کی نگرانی میں پاکستان بھر میں **Skills Development Programme** جاری ہے، جس کے تحت مختلف اسکل ہیڈ ورکشاپس کا انعقاد کیا جاچکا ہے اور یہ سلسلہ آئندہ بھی جاری رہے گا۔ اس پروگرام کا مقصد اسکول اور کالج کے طلبہ کو جدید، عملی اور مستقبل کی ضروریات سے ہم آہنگ مہارتوں سے روشناس کرانا ہے۔

پروگرام کے تحت طلبہ کو مصنوعی ذہانت **(AI)**، ڈیجیٹل لرننگ، کیمونیکیشن، لینگویج، کانٹینٹ کریئیشن، آرٹس وڈیزائن، دستکاری، فری لانسنگ، انٹرپرینیورشپ اور آن لائن بزنس سمیت مختلف شعبوں میں عملی تربیت فراہم کی جائے گی۔

ماہرین کی رہنمائی، انٹرایکٹو سیشنز اور عملی سرگرمیوں کے ذریعے طلبہ کو اپنی صلاحیتوں کو نکھارنے، اعتماد میں اضافہ کرنے اور مستقبل کے نئے مواقع کو سمجھنے کا موقع مل رہا ہے۔ یہ پروگرام طلبہ کو اپنی دلچسپی کے شعبوں میں آگے بڑھنے اور مستقبل کے لیے مفید مہارتیں حاصل کرنے میں معاون ثابت ہو رہا ہے۔









اربعین عطار (چالیس احادیث)

دارالمدینہ انٹرنیشنل اسلامک اسکول سسٹم نے طلبہ کی دینی و اخلاقی تربیت کو مزید مؤثر بنانے کے لیے چالیس منتخب احادیثِ مبارکہ (اربعین عطار) کو پرائمری اور سیکنڈری سطح کے **Curriculum** میں شامل کیا ہے۔ اب ہر طالبِ علم چالیس منتخب احادیثِ مبارکہ کو یاد کرنے کے ساتھ ساتھ ان کی تعلیمات کو سمجھنے اور اپنی عملی زندگی میں اپنانے کی کوشش کرے گا۔

اس اقدام کا بنیادی مقصد طلبہ کو سنتِ نبوی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم سے جوڑنا، اسلامی اقدار کو ان کی شخصیت کا حصہ بنانا، کردار کو مضبوط کرنا اور زندگی کے مختلف معاملات میں احادیثِ مبارکہ کی روشنی میں رہنمائی حاصل کرنے کی صلاحیت پیدا کرنا ہے۔

یہ کاوش طلبہ کے لیے علم، عمل اور سنتِ نبوی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے وابستگی کا ایک خوبصورت سفر ہے، جو انہیں بہتر اخلاق و کردار کے ساتھ ایک بامقصد زندگی گزارنے میں رہنمائی فراہم کرے گا۔



100% نتائج - ایک قابل فخر کامیابی! (پنجاب کیمپسز)

دارالمدینہ انٹرنیشنل اسلامک اسکول سسٹم پنجاب کے اکثر کیمپسز نے **SSC Part-II, Session 2025–26** کے سالانہ بورڈ امتحانات میں **100%** رزلٹ حاصل کر کے شاندار **Academic Performance** کا مظاہرہ کیا۔

یہ قابلِ فخر کامیابی جان محمد گرلز کیمپس، ٹاؤن شپ گرلز کیمپس، جی ٹی۔ روڈ گجرات گرلز کیمپس اور ہر بنس پورہ گرلز کیمپس سمیت مختلف **Campuses** کی مسلسل محنت، طلبہ کی لگن اور اساتذہ کی محنت کا ثمر ہے۔



دارالمدینہ کا قابل فخر کارنامہ
بورڈ سطح پر تیسری پوزیشن

دارالمدینہ انٹرنیشنل اسلامک اسکول سسٹم کی ہونہار طالبہ بنت افتخار خان نے **SSC Part-II, Session 2025-26** کے امتحانات میں گرلز سائنس گروپ میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے **1188/1200** نمبر زحاصل کیے اور بورڈ سطح پر **3rd Position** اپنے نام کی۔



یہ قابل ذکر کامیابی بنت افتخار خان کی محنت، لگن اور علمی کمال کا منہ بولتا ثبوت۔ اس کامیابی پر ان کے والدین اور اساتذہ کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کی جاتی ہے۔ دارالمدینہ اپنے طلبہ کی **Academic Excellence** کے ساتھ ساتھ ان کی دینی و اخلاقی تربیت پر بھی خصوصی توجہ دیتا ہے، تاکہ وہ علم، کردار اور صلاحیتوں کے ساتھ مستقبل میں نمایاں کردار ادا کرسکیں۔



دارالمدینہ (پنجاب) میں نمایاں کامیابی حاصل کرنے والے طلبہ

دارالمدینہ انٹرنیشنل اسلامک اسکول سسٹم کے پنجاب کے ہونہار طلبہ نے **SSC Part-II, Session 2025–26** کے بورڈ امتحانات میں شاندار **Academic Performance** کا مظاہرہ کیا۔

بنتِ افتخار
99%
محمدیہ کالونی گرلز کیمپس II، فیصل آباد

بنتِ عامر سہیل
95.58%
محمدیہ کالونی گرلز کیمپس II، فیصل آباد

بنتِ غلام مصطفیٰ
95.42%
محمدیہ کالونی گرلز کیمپس II، فیصل آباد

بنتِ سہیل
93.92%
محمدیہ کالونی گرلز کیمپس II، فیصل آباد

بنتِ نعیم
93.33%
محمدیہ کالونی گرلز کیمپس II، فیصل آباد

بنتِ خالد محمود
93.25%
محمدیہ کالونی گرلز کیمپس II، فیصل آباد

بنتِ عامر
93.25%
محمدیہ کالونی گرلز کیمپس II، فیصل آباد

بنتِ فیصل
92.58%
محمدیہ کالونی گرلز کیمپس II، فیصل آباد

بنتِ عابد حسین
92.25%
محمدیہ کالونی گرلز کیمپس II، فیصل آباد

بنتِ عمران
92.08%
محمدیہ کالونی گرلز کیمپس II، فیصل آباد

بنتِ راشد حسین
96.75%
سیالکوٹ گرلز کیمپس

بنتِ امتیاز
92.50%
یالکوٹ گرلز کیمپس

محمد عبد اللہ

95.50%

سیٹلائٹ ٹاؤن سرگودھا (بوائز) کیمپس II

محمد احمد

95.42%

معصوم شاہ روڈ بوائز کیمپس، ملتان

بنتِ افضل

93.17%

رحمان پورہ گرلز کیمپس، فیصل آباد

بنتِ ضیاء

93.17%

رحمان پورہ گرلز کیمپس، فیصل آباد

حسین رضا

93%

سیالکوٹ بوائز کیمپس

محمد سیف اللہ

92.42%

سیالکوٹ بوائز کیمپس

محمد حماد آصف

92.33%

شوالہ بوائز کیمپس، لاہور

بنتِ عابد حسین

91.92%

گجرات گرلز کیمپس

تمام **High Achievers** حاصل کرنے والے طلبہ اساتذہ کرام اور والدین کو اس شاندار کامیابی پر دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتے ہیں۔



سالانہ شجرکاری مہم 2026

دارالمدینہ انٹرنیشنل اسلامک اسکول سسٹم کے زیرِ اہتمام FGRF کے تعاون سے سالانہ شجرکاری مہم 2026 کا انعقاد کیا گیا۔ اس مہم کا بنیادی مقصد طلبہ اور وسیع تر معاشرے میں شجرکاری کے فروغ، ماحولیاتی تحفظ اور ماحول دوست طرزِ فکر کو اجاگر کرنا ہے۔

اس مہم کا مرکزی پیغام "One Person, One Tree!" ہے، جس کے تحت ہر فرد کو کم از کم ایک درخت لگانے اور سرسبز و صاف ماحول کے قیام میں اپنا کردار ادا کرنے کی ترغیب دی گئی۔ اس سلسلے میں دارالمدینہ کے مختلف کیمپسز میں باقاعدہ شجرکاری مہم کا آغاز کیا گیا۔

یہ مہم طلبہ میں ماحولیاتی شعور پیدا کرنے کے ساتھ ساتھ انہیں ایک ذمہ دار اور ماحول دوست معاشرے کی تشکیل میں فعال کردار ادا کرنے کا موقع فراہم کرتی ہے۔









دارالمدینہ میں
جوش وخروش سے رضا ویک کا انعقاد

دارالمدینہ انٹرنیشنل اسلامک اسکول سسٹم کے تحت اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہِ کی نسبت سے **3** تا **7** اگست رضا ویک کا اہتمام کیا گیا۔ اس ویک کا مقصد طلبہ میں سیرت، علمی خدمات، نعتیہ کلام اور دینی کارناموں سے شناسائی پیدا کرنا تھا۔

3 تا **6** اگست کے دوران پرائمری اور سیکنڈری کلاسز کے طلبہ کے لیے مختلف **Daily Activities** کا اہتمام کیا گیا، جن میں اعلیٰ حضرت رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہِ کی سیرت پر تقریریں، کلام و نعتیہ اشعار، ایصالِ ثواب کارڈز کی تیاری، کلامِ اعلیٰ حضرت کی تلمیحات و کلمات کا تعارف اور دیگر معلوماتی سرگرمیاں شامل تھیں۔ ان **Activities** کے ذریعے طلبہ کو اعلیٰ حضرت رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہِ کی دینی و علمی خدمات سے آگاہ کیا گیا۔

7 اگست کو رضا ویک کی اختتامی تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں نعتیہ کلام اور مختلف **Classroom Activities** کے ذریعے طلبہ نے بھرپور شرکت کی۔ طلبہ نے اعلیٰ حضرت رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہِ کے کلام کو خوبصورت انداز میں پیش کیا جبکہ ان کی سرگرمیوں میں رنگ بھرنے کی سرگرمی بھی شامل رہی۔



اس موقع پر مختلف کیمپسز میں خصوصی طور پر *"رضا کارنر"* بھی قائم کیے گئے، جہاں اعلیٰ حضرت رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہِ کی سیرت و علمی خدمات سے متعلق مختلف معلوماتی **Charts** اور دلچسپ سرگرمیاں پیش کی گئیں۔

رضا ویک نے طلبہ کے لیے دینی معلومات، تربیت اور اعلیٰ حضرت رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہِ کی محبت و عقیدت کو مزید اجاگر کرنے کا ایک خوبصورت موقع فراہم کیا۔





کراچی بوائز کیمپسز کا شاندار رزلٹ

دارالمدینہ انٹرنیشنل اسلامک اسکول سسٹم کے کراچی بوائز کیمپسز نے **SSC Part-II, Session 2025–26** کے بورڈ امتحانات میں شاندار **100%** رزلٹ حاصل کیا۔

کامیاب کیمپسز



یہ شاندار رزلٹ طلبہ کی محنت، اساتذہ اور والدین کے تعاون کا خوبصورت ثمر ہے۔

شاندار تعلیمی کامیابی

دارالمدینہ انٹرنیشنل اسلامک اسکول سسٹم کے قذافی چوک (بوائز) کیمپس III کے ہونہار طالب علم محمد فراز قادری نے **SSC Part-II, Session 2025–26** کے تحت بورڈ آف سیکنڈری ایجوکیشن کراچی کے امتحانات میں **91%** شاندار نمبر حاصل کرکے نمایاں کامیابی حاصل کی۔



حیدرآباد کیمپسز کی نمایاں کامیابی

دارالمدینہ انٹرنیشنل اسلامک اسکول سسٹم کے حیدرآباد ڈویژن کے درج ذیل بوائز اور گرلز کیمپسز نے **SSC Part-II Session 2025–26** کے بورڈ امتحانات میں **100** فیصد کامیابی حاصل کر کے شاندار تعلیمی کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔

مزید قابلِ فخر امر یہ ہے کہ **94** میں سے **93** طلبہ نے **+A** اور **A** گریڈز حاصل کیے، جو طلبہ کی بہترین تعلیمی کارکردگی اور ادارے کی مؤثر تعلیمی کاوشوں کا نمایاں ثبوت ہے۔



لاڑکانہ ڈویژن
کی شاندار کامیابی

دارالمدینہ انٹرنیشنل اسلامک اسکول سسٹم کے لاڑکانہ ڈویژن کے سچل کالونی بوائز کیمپس I اور شہباز کالونی گرلز کیمپس نے SSCPart-II, Session 2025–26 کے بورڈ امتحانات میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے 100% کامیابی حاصل کی۔

نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ

بنتِ احمد علی
92%
شہباز کالونی گرلز کیمپس

بنتِ سلیم احمد
92%
شہباز کالونی گرلز کیمپس

بنتِ علی حیدر
91%
شہباز کالونی گرلز کیمپس

بنتِ عبدالحی
91%
شہباز کالونی گرلز کیمپس

خلیل احمد
91%
سچل کالونی بوائز کیمپس I

تعلیم کے میدان میں ایک اور اہم سنگِ میل!

الحمدللہ! دارالمدینہ بوائز کالج، گجرات کیمپس کا باقاعدہ افتتاح کر دیا گیا ہے۔

افتتاحی تقریب میں دارالمدینہ کے سی ای او، ڈاکٹر دانش اقبال عطاری نے کالج کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کلاس رومز اور لیبارٹریز کا معائنہ بھی کیا اور کالج کے تدریسی و انتظامی امور سمیت مستقبل کے تعلیمی منصوبوں کے حوالے سے اسٹاف کے ساتھ تبادلۂ خیال کیا۔

کالج میں تدریسی سرگرمیوں کا آغاز ہو چکا ہے، جہاں تربیت یافتہ اساتذہ کی زیرِ نگرانی اسلامی ماحول میں معیاری تعلیم فراہم کرنے کے عزم کے ساتھ طلبہ کی علمی، فکری اور اخلاقی تربیت کا سفر جاری ہے۔

افتتاحی تقریب کی خوبصورت جھلکیاں ان تصاویر میں ملاحظہ فرمائیں!









START YOUR INTERMEDIATE STUDIES AT THE *Right Place!*

DAR-UL-MADINAH COLLEGE

- Scholarships Available
- Admission Fee Discount
- Special Discount For Huffaz
- Limited-Time Offer



PROGRAMMES OFFERED

- Pre-Engineering
- Pre-Medical
- Computer Science
- Humanities (Arts)

ADMISSIONS OPEN

RAWALPINDI	FAISALABAD	GUJRAT	KARACHI
Boys Campus 0311-9293892 Girls Campus 0310-3332182	Boys Campus 0313-2625929 Girls Campus 0313-2625919	Boys Campus 0312-6888353	Girls Campus 0315-8609226

Follow us on: www.dmcollegepk.net

1501 ویں عید میلاد النبی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ کی پُرنور تقریب

دارالمدینہ انٹرنیشنل اسلامک اسکول سسٹم کے تمام کیمپسز میں **1501** ویں عید میلاد النبی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ کے موقع پر پُرنور تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقع پر طلبہ نے خوبصورت نعت پیش کیں، سیرتِ طیبہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ کے مختلف واقعات بیان کیے اور نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ کی تعلیمات سے اپنی محبت و عقیدت کا اظہار کیا۔ تقریب میں مہربانی، ہمدردی جیسے اسلامی اقدار کو اجاگر کیا گیا۔ تقریب کے اختتام پر طلبہ میں **Certificates of Participation** بھی تقسیم کیے گئے۔























اسکول اور کالج کے طلبہ کے لیے

عظیم الشان سنتوں بھرا اجتماع



دعوتِ اسلامی کے شعبہ تعلیم کے زیرِ اہتمام عالمی مدنی مرکز فیضان مدینہ کراچی میں شہر بھر کے اسکول اور کالج کے طلبہ کے لیے ایک پُروقار عظیم الشان سنتوں بھرا اجتماع کا انعقاد کیا گیا۔

دارالمدینہ کے جماعت نہم اور دہم کے طلبہ نے بھی کراچی کے مختلف تعلیمی اداروں سے آنے والے ہزاروں طلبہ کے ہمراہ شرکت کی۔ اس موقع پر رکن شوریٰ حاجی فضیل عطاری، نے سنتوں بھرا بیان فرمایا جس میں نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ کی مبارک تعلیمات اور سنّت پر عمل کی اہمیت کو اجاگر کیا گیا۔

یہ اجتماع طلبہ کے لیے علم، تربیت کا ایک یادگار موقع ثابت ہوا۔









سیالکوٹ میں دارالمدینہ کی تعلیمی خدمات کے فروغ پر اہم ملاقات

دارالمدینہ پنجاب ریجن کے جاری وزٹ کے دوران سی ای او دارالمدینہ ڈاکٹر دانش اقبال عطاری نے پی ایچ پنجاب محمد عدنان یعقوب کے ہمراہ سیالکوٹ کیمپسز کا وزٹ کیا اور دعوت اسلامی کے مجلس شوریٰ کے رکن حاجی اظہر عطاری سے ملاقات کی۔ ملاقات میں سیالکوٹ میں دارالمدینہ کی **Educational Services** کو مزید وسعت دینے کے مواقع اور مستقبل کے امکانات پر تبادلۂ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر حاجی اظہر عطاری نے دارالمدینہ پنجاب ریجن کے شاندار **SSC** رزلٹ پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے طلبہ اور اساتذہ کی کاوشوں کو سراہا۔







دینیات ڈائریکٹر اور دینی کام ذمہ دار کا پنجاب کے مختلف کیمپسز کا دورہ

دارالمدینہ انٹرنیشنل اسلامک اسکول سسٹم میں دینی و تربیتی نظام کو مزید مؤثر بنانے کے سلسلے میں دینیات ڈائریکٹر مولانا رضوان مدنی عطاری اور دینی کام ذمہ دار ذوالفقار عطاری نے پنجاب ریجن کے مختلف کیمپسز کا وزٹ کیا، جن میں راولپنڈی، بھلوال اور جھنگ شہر کے کیمپسز شامل تھے۔

وزٹ کے دوران سرپرست حضرات سے ملاقاتیں کی گئیں اور دارالمدینہ کے تربیتی و دینی ماحول کے حوالے سے **Feedback** حاصل کیا گیا۔ اساتذہ کی دینی تربیت بھی کی گئی، جبکہ خصوصی طور پر حفظ پروگرام کے **System** کا جائزہ لے کر اسے مزید بہتر اور مؤثر بنانے کے لیے ضروری اقدامات پر توجہ دی گئی۔

طلبہ کی اچھی کارکردگی کو سراہتے ہوئے ان کی حوصلہ افزائی کی گئی تاکہ وہ دینی و تعلیمی میدان میں مزید محنت اور دلچسپی کے ساتھ آگے بڑھیں۔



دینی کام ذمہ دار ذوالفقار عطاری نے کیمپسز میں ہونے والے دعوت اسلامی کے دینی کام کا جائزہ لیا اور اساتذہ و متعلقہ ذمہ داران کو دعوت اسلامی کے دینی کاموں میں بھرپور اور فعال انداز میں حصہ لینے کی ترغیب دی۔

یہ وزٹ **Qurani Education**، **Tarbiyah** اور **Hifz Programme** کے معیار کو مزید بہتر بنانے اور طلبہ کی دینی تربیت کو مضبوط کرنے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔





اربعینِ عطّار یاد کرنے پر حوصلہ افزائی!

دارالمدینہ انٹرنیشنل اسلامک اسکول سسٹم کے گجرات کیمپس کے وزٹ کے دوران چالیس احادیثِ مبارکہ یاد کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کی گئی۔ اس موقع پر سی ای او دارالمدینہ ڈاکٹر دانش اقبال عطاری نے ایجوکیشن ڈائریکٹر عابد سہیل اور پنجاب کے ذمہ دار عدنان یعقوب کے ہمراہ طلبہ کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے انہیں Arbaeen-e-Attar Books بطور تحفہ پیش کیں۔

یہ حوصلہ افزائی طلبہ کی محنت اور دینی شوق کو سراہنے کے ساتھ ساتھ انہیں احادیثِ مبارکہ کے علم کو مزید حاصل کرنے اور سنت کو اپنی عملی زندگی کا حصہ بنانے کی ترغیب دینے کے لیے تھی۔








تعلیمی معیار کی بہتری اور اساتذہ کی پیشہ ورانہ تربیت

تعلیمی معیار کو مزید بلند کرنے اور اساتذہ کی **Professional Capacity Building** کے سلسلے میں جاری **Academic Evaluation Drive** کے تحت ماسٹر ٹرینر محمد مدنی خان نے منڈی بہاؤالدین بوائز کیمپس کا وزٹ کیا۔ اس دوران **Campus Inspection** اور **Mentorship Sessions** کا انعقاد کیا گیا۔



اس موقع پر کیمپس کے تعلیمی و انتظامی امور کا جائزہ لینے کے ساتھ ساتھ اساتذہ کی رہنمائی کے لیے خصوصی تربیتی نشستوں کا انعقاد بھی کیا گیا۔

اس موقع پر **Principals** اور **Coordinators** کے لیے بھی خصوصی رہنمائی کا اہتمام کیا گیا، جس میں انہیں **Continuous Monitoring** اور مؤثر **Reporting** کے لیے ضروری **Tools** اور **Guidelines** فراہم کی گئیں۔



ادارہ تمام کیمپسز میں **Educational Standards** کو مزید بہتر بنانے کے لیے **Regular Feedback**، **Continuous Monitoring** اور **Teacher Capacity Building** کے ذریعے تعلیمی معیار کو مسلسل بلند کرنے کے عزم پر قائم ہے۔





تعلیمی معیار کے فروغ اور Learning Resources میں توسیع

سی ای او دارالمدینہ ڈاکٹر دانش اقبال عطاری، ایجوکیشن ڈائریکٹر، دارالمدینہ پنجاب کے ذمہ دار، ڈویژن ہیڈ لاہور DMIUP کے ڈائریکٹر پروفیسر طاہر صدیقی کی زیرِ صدارت ایک خصوصی Departmental Meeting کا انعقاد کیا گیا۔ اس میٹنگ میں لاہور کے مختلف کیمپسز کی Academic اور Operational Progress کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔

میٹنگ کے دوران تعلیمی سرگرمیوں، Academic Standards اور Campus Operations سے متعلق اہم امور پر تبادلۂ خیال کیا گیا، جبکہ تعلیمی معیار کو مزید بہتر بنانے کے لیے مؤثر اقدامات کا جائزہ بھی لیا گیا۔

اس کے علاوہ، لاہور اور پنجاب بھر کے Private Schools میں DMIUP Books کے Adoption اور استعمال کو وسعت دینے کے امکانات پر بھی غور کیا گیا۔ اس سلسلے میں Learning Resources کی مؤثر فراہمی اور معیاری تعلیمی مواد کے فروغ کے لیے مختلف تجاویز زیرِ بحث آئیں۔









FISS

Essential Education
with Tarbiyah

FAIZAN ISLAMIC SCHOOL SYSTEM

DAWAT-E-ISLAMI



Follow us on facebook
FaizanIslamicSchoolSystem

فیضانِ اسلامک اسکول سسٹم کے کیمپسز کا تعلیمی و انتظامی وزٹ

فیضانِ اسلامک اسکول سسٹم کے **CEO** زبیر عطاری مدنی، دارالمدینہ کیمبرج انٹرنیشنل اسٹڈیز کے **CEO** فراز عطاری مدنی اور پنجاب ریجن کے ذمہ دار محمد ثقلین مدنی نے ڈیرہ اسماعیل خان اور ڈھوک حسو کیمپسز کا وزٹ کیا۔ اس موقع پر کیمپسز میں جاری تعلیمی و انتظامی امور، تدریسی سرگرمیوں، طلبہ کی تعلیمی پیش رفت اور مجموعی تعلیمی ماحول کا جائزہ لیا گیا۔









وزٹ کے دوران کیمپس انتظامیہ کی جانب سے تعلیمی کارکردگی اور مختلف سرگرمیوں کے حوالے سے بریفنگ دی گئی۔ معیاری تعلیم، طلبہ کی بہتر تربیت، نظم و ضبط اور تعلیمی معیار کو مزید بہتر بنانے کے لیے جاری کاوشوں کو سراہا گیا اور انہیں مزید مؤثر بنانے پر زور دیا گیا۔

سوشل میڈیا پر 112,000 فالوورز کی کامیاب تکمیل

فیضان اسلامک اسکول سسٹم نے سوشل میڈیا پر **113,000** فالوورز کا اہم سنگ میل عبور کر لیا۔ یہ کامیابی ادارے کی ڈیجیٹل پلیٹ فارمز پر بڑھتی ہوئی رسائی، عوامی دلچسپی اور مضبوط آن لائن رابطے کی عکاسی کرتی ہے۔ سوشل میڈیا کے ذریعے تعلیمی، تربیتی اور ادارہ جاتی سرگرمیوں کو وسیع پیمانے پر عوام تک پہنچانے کا سلسلہ بھی جاری ہے۔



ERP سسٹم کی تیاری کے حوالے سے خصوصی میٹنگ

ہیڈ آفس (کراچی) میں ERP سسٹم کے حوالے سے ایک خصوصی میٹنگ کا انعقاد کیا گیا۔ میٹنگ میں ERP سسٹم کی موجودہ پیش رفت، مختلف Updates اور نظام کو مزید مؤثر، مربوط اور جدید بنانے کے لیے اہم امور کا جائزہ لیا گیا۔














داخلوں کا
آغاز ہو چکا ہے!
اسلامی
اخلاق و تربیت
سے آراستہ
بنیادی تعلیمی مرکز!
دیر نا کیجیے!!
داخلے محدود
ہیں...
FAIZAN ISLAMIC
SCHOOL SYSTEM
DAWAT-E-ISLAMI
0313 - 2625016